پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون:۲۴۱۹۸۰۰۰ ایکسٹنشن:۸۸۲۲

فیکس: ۸۶۲۹ / ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ : http://newdelhi.usembassy.gov

شعبۂ امور عامہ
سفارتخانہ امریکا

۲۶ مئی ۲۰۰۶ء

امریکی سفارتخانہ کا بیان

''امریکا جموں و کشمیر میں دہشت گردانہ حملوں کی مذمت کرتا ہے''

نئی دلی: نئی دلی میں امریکی سفارتخانہ کے ناظم الامور رابرٹ اوبلیک نے ۲۵ مئی کو ریاست جموں و کشمیر میں ہونے والی ہلاکتوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ دہشت گردوں کے ہاتھوں بے قصور سیاحوں کا قتل ایک بے معنی اور وحشیانہ جرم ہے۔ سفارتخانہ ان قصورواروں کو ان کے انجام تک پہنچانے کے لئے حکومت ہند کی تمام ممکنہ مدد کرے گا۔ اس کے ساتھ ہی سفارتخانہ جمہوریت و مذاکرات میں شمولیت اور حقوق انسانی کے احترام کے لئے سرینگر کے حالیہ دورہ کے دوران وزیر اعظم کی تعمیری حمایت کی ستائش کرتا ہے۔